کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور ملتان سے بیک وقت اشاعت

کچھ لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے آئی ہوئی ہدایت پر ہیں اور کچھ لوگ کامیاب ہیں جو لوگ کافر ہیں انکو
ڈرانا نصیحت کرنا برابر ہے۔ وہ ایمان نہیں لائے کے جاشے نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر
لگی ہے۔ اور ان کی آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب تیار ہے۔ (سورۃ البقرہ 2 آیت 6 تا 7)

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER.APNS.COM

روزنامہ
اویس رؤف
جہان پاکستان
کراچی

SATURDAY 2 MARCH , 2024

جلد 13 | ہفتہ 20 شعبان المعظم 1445ھ 2 مارچ 2024ء 20 پھاگن 2079ب | شمارہ 43 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

میرپورخاص: ایسوسی ایٹ ایڈوائزر کا ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کا دورہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ایسوسی ایٹ ایڈوائزر محمد عارف نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کا دورہ کیا اور پینشنر کی شکایت کا جائزہ لیا، ریٹائرڈ ملازمین کو مقررہ مدت کے دوران ان کے واجبات ادا کرنے کے لئے ڈیسک قائم کر کے ون ونڈو آپریشن کی بنیاد پر ترجیحی بنیادوں پر رقم کی ادائیگی ممکن بنانے کی ہدایت کی تفصیلات کے مطابق ایسوسی ایٹ ایڈوائزر محمد عارف نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کا دورہ کیا اور پینشنرز کی شکایات کا جائزہ لیا اور ان کے بروقت ازالے کے لئے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پینشنرز کے بقایاجات کو فوری طور پر ادا کیا جائے اور ریٹائرڈ ملازمین کو مقررہ مدت کے دوران ان کے واجبات ادا کرنے کے لئے ڈیسک قائم کی جائے جہاں ون ونڈو آپریشن کی بنیاد پر ترجیحی بنیادوں پر رقم کی ادائیگی ممکن بنایا جائے اس موقع پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفسر نعیم لیاقت نے پینشنرز کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پینشنرز کے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاتا ہے اس موقع پر موجود پینشنرز کو تجویز دی گئی کہ وہ اپنی شکایات کے ازالہ کیلئے وفاقی محتسب کے ادارے سے رجوع کریں تاکہ جلد از جلد ان کی شکایات کا ازالہ کیا جاسکے۔

میرپورخاص: ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب محمد عارف نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کا دورہ کیا اور پینشنرز کی شکایات کا جائزہ لے رہے ہیں